

# بچوں کے ساتھ بدسلوکی/ بچے جنہیں گھریلو تشدد کا سامنا ہے
معلوماتی صفحہ

## تشدد اور گھریلو تشدد کا سامنا بچوں کو اب اور ان کے مستقبل میں نقصان پہنچاتا ہے
پورے کینیڈا کے طول و عرض میں ، بچوں سے بدسلوکی کی جاتی ہے یا انہیں عدم توجہی کا سامنا ہے ۔ وہ یا تو غصے اور تشدد سے بھرے ہوئے گھروں میں رہتے ہیں اور یا ایسے ماحول میں جہاں بدسلوکی کی جاتی ہے ۔

**بدسلوکی ، عدم توجہی اور تشدد کا سامنا بچوں پر کیسے اثرانداز ہوتے ہیں**
- بچے خوفزدہ اور بےچین ہوسکتے ہیں ، یہ سمجھتے ہوئے کہ دنیا ایک خطرناک جگہ ہے ۔
- ان کا رویہ جارحانہ بن سکتا ہے ، دوسروں پر غصہ نکالنے اور دھونس جمانے اور ستانے والے ۔
- وہ متحمل اورعلیحدگی پسند بن سکتے ہیں ، یہ سمجھتے ہوئے کہ وہ اپنی زنگیوں کے کسی حصے کو نہیں بدل سکتے ۔
- ان کو حصولِ تعلیم میں دقت ہوسکتی ہے ، کیونکہ ان کے دماغ کا اتنا زیادہ حصہ ایک بدسلوکی کے ماحول میں زندہ رہنے کے دباؤ سے نپٹنے میں مصروف ہوتا ہے ۔
- ان کے لئے زیادہ خطرہ ہوسکتا ہے کہ بڑے ہوکر وہ خود دوسروں سے بدسلوکی کریں ، دوسروں کی بدسلوکی کا سامنا کریں یا دونوں ۔
- بدسلوکی اور گھریلو تشدد کا سامنا بچوں کی دماغی نشوونما پر اثرانداز ہوتا ہے ۔ [1]

نتیجۃ وہ جسمانی ، دماغی ، جذباتی اور روحانی نشوونما پر اثر انداز ہوتا ہے ۔ یہ دوسرے لوگوں کے ساتھ میل جول استوار کرنے کی قابلیت اور دوست بنانے کی اہلیت پر بھی اثرانداز ہوتا ہے ۔ اگر بچوں کے لئے گھریلو تشدد اور بدسلوکی کا سامنا جاری رہے ، تو اس صدمے کا ان کے دماغوں اور نشوونما پر اثر ہونا جاری رہے گا ۔

## بدسلوکی کی قسمیں
**عدم توجہی میں شامل ہیں :**
- حسبِ ضرورت خوراک ، کپڑے یا پہناوا ، رہنے کے لئے جگہ ، صحت کی دیکھ بھال یا ضرر سے تحفظ مہیا نہ کرنا
- بچے کے لئے چاہت شفقت اور کسی سے ملحق ہونے کے احساس کی ضروریات کو پورا نہ کرنا

**جذباتی چوٹ (مندرجہ ذیل) ہوسکتی ہے :**
- گھریلو تشدد یا سخت لڑائی جھگڑا
- سرپرست یا گھر میں کسی رہائش پذیر کی حد سے زیادہ شراب نوشی یا منشیات کا استعمال
- رد کیا جانا
- نامناسب تنقید ، دھمکیاں ، ذلت ، الزام تراشی ، یا بچے سے توقعات

**جسمانی بدسلوکی** تب ہوتی ہے جب کوئی جان بوجھ کر ایک بچے کے خلاف طاقت استعمال کرے اور اس کا نتیجہ جسمانی زخم ہو ۔

**جنسی بدسلوکی** ایک بچے کو جنسی لمس ، عمل یا فعل یا سلوک سے متعارف کروانا ہے ۔
- جنسی بدسلوکی میں شامل ہیں کسی قسم کا جنسی چھونا ، جنسی مباشرت ، جنسی طور پر ایک بچے کا ناجائز فائدہ اٹھانا یا ایک بچے پر جنسیات افشا کرنا
- جنسی بدسلوکی کا مرتکب والدین میں سے ایک ، رشتہ دار ، دوست یا اجنبی ہوسکتا ہے ۔ بچوں کے ساتھ جنسی بدسلوکی کے زیادہ تر کیسوں میں ، جنسی بدسلوکی کا مرتکب کوئی ایسا شخص ہوتا ہے جسے بچہ جانتا ہے



## سراغ یا نشانیاں کہ ایک بچہ یا کم عمر نوجوان ایک بدسلوکی کے ماحول میں ہوسکتا ہے

مندرجہ ذیل خصوصیات ان سب بچوں میں نہیں ہوتیں جن کے ساتھ بدسلوکی ہورہی ہو یا جو عدم توجہی کا شکار ہوں ۔ سب وہ بچے جو یہ خصوصیات ظاہر کریں بدسلوکی یا تشدد والے گھروں میں نہیں رہتے ۔ البتہ ، اگر آپ مندرجہ ذیل کا مشاہدہ کریں ، تو آپ باخبر رہیں کہ ہوسکتا ہے کہ یہ بچہ یا نوعمر نوجوان ایسے ماحول میں رہ رہا ہو جہاں بدسلوکی ہوتی ہے اور جہاں ان کو نقصان پہنچ رہا ہے یا ان کو گھریلو تشدد کا سامنا ہے :

- بچہ جو اکثر بھوکا ، گندا ہو یا جس نے موسم کے مطابق کپڑے نہ پہن رکھے ہوں
- نوعمر بچہ جسے اکثر اکیلا چھوڑ دیا گیا ہو
- ایک بچہ یا نوعمر نوجوان جو لگتا ہو کہ اس نے بالغوں کی ذمہ داریاں سنبھالی ہوئی ہیں ، جیسا کہ اکثر چھوٹے بھائی بہنوں کی دیکھ بھال کرنا ، گھر کے کام کاج کرنا یا والدین میں سے ایک کی ''دیکھ بھال'' کرنا
- ایک بچہ جس میں توانائی نہیں ہے یا جو متحمل ہے
- ایک بچہ جو جسمانی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے یا ان کے لئے مناسب کپڑے پہننے سے انکار کرتا ہو
- ایک بچہ جس کا دوسرے لوگوں کی طرف رویہ اکثر جارحانہ ، غصے والا اور دشمنی کا ہو
- چوٹیں یا زخم جن کی وجہ بیان نہ ہوسکے ، خاص طور پر ایسی جگہوں پر جہاں بچے عموماً زخمی نہیں ہوتے جب وہ کھیل رہے ہوں یا چل پھر رہے ہوں
- چوٹیں یا زخم جن کی کیفیت بیان کردہ وجہ کے ساتھ مطابقت نہ رکھتی ہو
- چوٹیں اور/یا جلنے کا ایسا نقش جس کا خاکہ ایک ایسی شے کا ہو جسے جلانے کے لئے استعمال کیا گیا ہو ، مثلاً ، ایک سگرٹ ، استری یا چولہا جلانے کا الیکٹرک آلہ
- ایک بچہ جو جنسیات کے بارے میں اپنی عمر کے بچوں سے معمول سے زیادہ جانتا ہو
- ایک بچہ جو بالغان یا دوسرے بچوں کے ساتھ جنسی طور پر برتاؤ کرے
- ایک بچہ جو جنسی بدسلوکی کے بارے میں اشارۃً یا کھلے لفظوں میں بات کرے
- ایک بچہ یا نوعمر نوجوان جو بار بار گھر سے بھاگ جائے
- ایک بچہ یا نوعمر نوجوان جو شراب نوشی یا منشیات استعمال کرتا ہو

### اگر آپ کو بچوں کے ساتھ بدسلوکی ، عدم توجہی یا گھریلو تشدد کا شک ہے۔ تو اس کو رپورٹ کریں

اگر آپ کو شک ہے کہ ایک بچہ والدین میں سے ایک یا سرپرست کے ہاتھوں بدسلوکی یا عدم توجہی کا شکار ہے ، تو اپنے شکوک کی رپورٹ فوراً کریں ۔ پولیس کو ، اپنی مقامی چائیلڈ اینڈ فیملی سروسز اتھارٹی (Child and Family Services Authority) یا 24-گھنٹے کی (بچے کے ساتھ بدسلوکی) چائیلڈ ابیوز ہوٹ لائن **(5437) 1-800-387-KIDS** پر فون کریں ۔

*بچے کے والدین یا سرپرست کو اطلاع نہ دیں ۔*

اگر آپ کو شک ہے کہ بچے کے ساتھ والدین میں سے ایک یا سرپرست کے علاوہ کوئی اور بدسلوکی کررہا ہے ، تو اپنے شکوک فوراً پولیس کو رپورٹ کریں ۔ اپنے علاقے میں پولیس کے ٹیلیفون نمبر کے لئے اپنی مقامی ٹیلیفون ڈائریکٹری کے ایمرجنسی (ہنگامی) صفحات میں دیکھیں ۔

**اگر آپ کو یا کسی ایسے کو جسے آپ جانتے ہیں فوری خطرہ ہے ، تو 911 کو فون کریں یا (5437) 1-800-387-KIDS** پر بچوں کے ساتھ بدسلوکی کی ہوٹ لائن (Child Abuse Hotline) کو۔ اپنی آبادی میں مدد کے لئے یا مزید معلومات کے لئے ، مہربانی کرکے بغیر چارج کے 24گھنٹے گھریلو تشدد کی معلوماتی لائن (Family Violence Info Line) **310-1818** پر فون کریں یا انٹرنیٹ پر **www.familyviolence.alberta.ca** پر جائیں ۔ البرٹا بچوں اور نوعمر نوجوانوں کی سروسز (Alberta Children and Youth Services) کو فخر ہے کہ وہ البرٹا میں گھریلو تشدد اور بچوں پر دھونس جمانے اور ستانے کی روک تھام کے لئے شروعات (Alberta's Prevention of Family Violence and Bullying Initiative) کی قیادت کررہا ہے

[1] Perry, B., (2005). The destructive impact of domestic violence on Children. In Alberta Children and Youth Services, *Family violence it's your business: Community resource guide* (pp. 9-10). Edmonton, AB: Queen's Printer.
http://www.child.alberta.ca/home/images/familyviolence/FVP_CommunityResourceGuide_20080528.pdf سے لیا گیا

اس موضوع پرمزید معلومات کے لئے ، اس کتابچے سے رجوع کریں جس کا نام بچوں کے ساتھ بدسلوکی/بچے جنہیں گھریلو تشدد کا سامنا ہے (Child Abuse / Children Exposed to Family Violence) ہے؛ جو آن لائن دستیاب ہے **www.familyviolence.alberta.ca** پر یا البرٹا میں بغیر چارج کے فون **310-1818** پر ۔